مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# کینیڈا

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by
ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## کینیڈین ہائی کمیشن اسلام آباد

اسلام آباد میں کینیڈین ہائی کمیشن رمنا5، ڈپلومیٹک انکلیو- اسلام آباد پاکستان میں واقع ہے۔

کینیڈین ہائی کمیشن اسلام آباد کے قونصلر / ویزا سیکشن میں جانے کے لیے آپ کو ڈپلومیٹک شٹل استعمال کرنا ہوگی۔ شٹل کا سٹاپ قائد اعظم یونیورسٹی روڈ، جی-5 اسلام آباد کے قریب تھرڈ ایونیو پر واقع ہے۔

## کینیڈین ہائی کمیشن اسلام آباد سے رابطے کی عمومی معلومات:

**پتہ:**

ڈپلومیٹک انکلیو، سیکٹر جی-5،

اسلام آباد، پاکستان۔

ڈاک کے لیے:

ہائی کمیشن آف کینیڈ، پی او باکس 1042،

اسلام آباد، پاکستان۔

**ٹیلی فون:** (011 92 51) 208-6000

**ٹال فری:** 0800-00-226

**فیکس:** (011 92 51) 208-6900

**ای میل:** isbad@international.gc.ca۔

اوقاتِ کار:

سوموار تا جمعرات: صبح 8 بجے تا شام 5 بجے؛ اور جمعہ: صبح 8 بجے تا دوپہر 12:30۔

## قونصلیٹ آف کینیڈا، کراچی

## رابطے کی عمومی معلومات

پتہ:

قونصلیٹ آف کینیڈا،

بیچ لگژری ہوٹل،

ایم ٹی خان روڈ،

کراچی، سندھ، پاکستان۔ 74000۔

**ٹیلی فون:** 021-3561-0685

**فیکس:** 021-3561-0673 – 4

**ای میل:** honcon@avari.com

## کینیڈا کے شہریوں کے لیے سہولیات

اسلام آباد میں ہائی کمیشن اور کراچی میں قونصلیٹ کینیڈین شہریوں کو کیا معاونت مہیا کر سکتا ہے؟
وہ آپ کو ایسے انداز میں مدد پیش کریں گے جو ہر کیس کے انفرادی حالات کے لیے موزوں ہو، بشمول:

## وہ مندرجہ ذیل مہیا کر سکتے ہیں:

- ایمرجنسی سروسز
- پاسپورٹس
- رہائش رکھنے یا بیرونِ ملک سفر کرنے کے لیے مشورہ
- سفر کرنے کے لیے راہنمائی اور مشاورت۔

## ویزا کی اقسام

- سیاحتی ویزا
- سٹڈی پرمٹ
- ورک پرمٹ

## بین الاقوامی طالب علم کے طور پر کینیڈا میں سٹڈی

### سٹڈی پرمٹ کیا ہے؟

- سٹڈی پرمٹ ہماری طرف سے جاری کی جانے والی ایک دستاویز ہے جو غیر ملکی شہریت رکھنے والے افراد کو کینیڈا کے نامزد کردہ تعلیمی اداروں (DLI) میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ غیر ملکی شہریت رکھنے والے بیشتر افراد کو کینیڈا میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے سٹڈی پرمٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ تسلی کر لیں کہ اپلائی کرنے سے پہلے آپ کے پاس یہ سب ضروری دستاویزات موجود ہوں۔ آپ کو **کینیڈا کے سفر پر جانے سے قبل** اپلائی کرنا ہو گا۔
- **نوٹ: آپ کا سٹڈی پرمٹ ویزا نہیں ہے۔** صرف پرمٹ کی بنیاد پر ہی آپ کینیڈا میں داخل نہیں ہو سکتے۔ آپ کو ایک عارضی رہائشی ویزا یا ایک الیکٹرانک سفری اجازت نامہ (eTA) بھی درکار ہو گا۔ اگر ایسا ہو تو ہم اِسے آپ کی سٹڈی پرمٹ کے لیے درخواست کے ساتھ ہی جاری کریں گے۔

### آپ سٹڈی پرمٹ پر کینیڈا میں کتنے عرصے تک ٹھہر سکتے ہیں

سٹڈی پرمٹ کا دورانیہ عموماً آپ کے سٹڈی پروگرام جتنا ہی ہوتا ہے، اور اِس کے علاوہ اضافی 90 دن بھی دیے جاتے ہیں۔ اس اضافی عرصے میں آپ کینیڈا چھوڑنے یا اپنے قیام کو بڑھانے کی درخواست کی تیاری کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ اپنے کورسز پرمٹ کی مدت ختم ہونے سے پہلے مکمل نہ کر سکیں تو بطور طالب علم اپنے قیام کو بڑھانے کی درخواست دینا ہو گی۔
- اگر آپ اپنا تعلیمی کورس جلد مکمل کر لیں تو پرمٹ **تعلیم مکمل کرنے کے 90 دن بعد** کارآمد نہیں رہے گا (خواہ سٹڈی پرمٹ پر کوئی بھی تاریخ درج ہو)۔

آپ کی تعلیم اُس وقت مکمل ہوتی ہے جب

آپ کو اپنے سکول کی طرف سے پہلا نوٹیفکیشن (ای میل، لیٹر، ٹرانسکرپٹ، وغیرہ کی شکل میں) موصول ہو، یا

جب آپ کو اپنی ڈگری، ڈپلومہ یا سرٹیفکیٹ مل جائے۔

آپ کو ان میں سے کوئی بھی وصول ہونے پر تاریخ کا ثبوت مہیا کرنا ہو گا۔

**نوٹ:** اگر آپ اپنے سکول کی جانب سے پہلا نوٹیفکیشن بھیجے جانے کی تاریخ ثابت نہیں کر سکتے تو ہم ڈاکومنٹ پر سب سے پہلے والی اجرا کی تاریخ کو مدنظر رکھیں گے۔ ہمیں آپ کے سکول سے اِس کی تصدیق کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ کے سکول نے آپ کو مرکزی پروگرام میں قبول کرنے سے قبل کچھ اور کورسز بھی لینے کا کہا ہو (مشروط قبولیت) تو ہم صرف اِن کورسز کی مدت کے لیے آپ کا سٹڈی پرمٹ جاری کریں گے۔ جب آپ کو مرکزی پروگرام میں قبولیت مل جائے تو بطور طالب علم اپنے قیام کی مدت بڑھانے کے لیے کینیڈا کے اندر سے اپلائی کر سکتے ہیں۔

### کیا آپ تعلیم حاصل کرنے کے دوران وطن واپس جا سکتے ہیں؟

اگر آپ ایک شیڈول کے تحت چھٹیوں (جیسے گرمیوں یا سردیوں اور موسمِ بہار کی) کے دوران کینیڈا سے جانا چاہتے ہیں تو واپس کینیڈا آنے پر اپنے سکول میں نام درج ہونے کا ثبوت دکھانے کی ضرورت ہو گی۔ اگر آپ یہاں

ویزے پر آئے ہیں تو آپ کو تسلی کرنا پڑے گی کہ وہ تب تک کارآمد ہو۔

ایک الیکٹرانک سفری اجازت نامہ (eTA) ہے اور آپ براستہ ہوائی جہاز کینیڈا سے باہر جاتے اور واپس آتے ہیں تو اُس کے کارآمد ہونے کا

اطمینان کرنا پڑے گا۔

## سٹڈی پرمٹ: کون اپلائی کر سکتا ہے؟

### اہلیت کے تقاضے

**اگر آپ نے ایک باضابطہ تعلیمی ادارے (DLI) میں داخلہ لے رکھا ہے تو آپ کینیڈا میں سٹڈی کر سکتے ہیں۔**

- ثبوت دکھائیں کہ آپ کے پاس اپنی ٹیوشن فیس، اپنے اور ساتھ آنے والے کسی اہلِ خانہ کے رہائشی اخراجات اور اپنے اور اہل خانہ کا کرایہ ادا کرنے کے لیے خاطر خواہ رقم موجود ہے۔
- قانون کی اطاعت کریں، آپ کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہ ہو اور کینیڈا کی سکیورٹی کے لیے کوئی خطرہ نہ بنیں۔ آپ کو پولیس سرٹیفکیٹ پیش کرنے کا بھی کہا جا سکتا ہے۔
- آپ کی صحت ٹھیک ہو۔ ایک طبی معائنہ کروانے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔
- امیگریشن آفیسر کو قائل کریں کہ آپ اپنی تعلیم مکمل ہونے پر کینیڈا سے واپس چلے جائیں گے۔

### آپ کی ذمہ داریاں

**کینیڈا میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران آپ پر لازم ہے کہ:**

- اپنا پروگرام مکمل کرنے کے سلسلے میں پیش رفت دکھائیں۔
- سٹڈی پرمٹ پر دی گئی کسی بھی شرائط کا احترام کریں۔
- اگر آپ اب تقاضے پورے نہیں کر پا رہے تو تعلیم کا سلسلہ روک دیں، اور
- پرمٹ کی مدت ختم ہونے پر کینیڈا سے چلے جائیں۔

**اپنے کیس کے مطابق آپ کے سٹڈی پرمٹ پر شرائط درج ہو سکتی ہے، جیسے:**

- آپ کس لیول تک تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔
- آپ کو کینیڈا میں کام کرنے کی اجازت ہے یا نہیں۔
- آپ کو کینیڈا کے اندر سفر کرنے کی اجازت ہے یا نہیں۔
- تعلیم کا سلسلہ روکنے کی تاریخ۔

### ایسے لوگ جنھیں کینیڈا میں سٹڈی کے لیے پرمٹ کی ضرورت نہیں

زیادہ تر غیر ملکی شہریوں کو کینیڈا میں سٹڈی کے لیے ایک سٹڈی پرمٹ کی ضرورت ہے، ماسوائے نیچے دی گئی صورتوں کے۔

## مختصر مدت کی سٹڈیز (چھ ماہ یا کم)

آپ کینیڈا کے کسی سکول میں سٹڈی پرمٹ کے بغیر سٹڈی کر سکتے ہیں جب:

- آپ کا کورس یا پروگرام چھ ماہ یا کم مدت کا ہو۔
- آپ کی سٹڈیز ایک زیادہ طویل پروگرام کا حصہ نہ ہو، اور
- آپ کینیڈا میں قیام کے لیے ہماری منظور کردہ مدت میں اپنی تمام سٹڈیز مکمل کر لیں (عموماً داخل ہونے کے بعد چھ ماہ میں)۔

## غیر ملکی نمائندوں کے اہل خانہ یا سٹاف

اگر آپ گلوبل افیئرز کینیڈا (GAC) سے منظور شدہ کینیڈا کے کسی غیر ملکی نمائندے کے خاندان کے فرد یا سٹاف ممبر ہیں ہو سکتا ہے کہ آپ کو سٹڈی پرمٹ کی ضرورت نہ ہو۔ آپ کا سفارت خانہ GAC سے رابطہ کر کے معلوم کر سکتا ہے کہ آپ کو پرمٹ کی ضرورت ہے یا نہیں۔

## غیر ملکی مسلح افواج کے ارکان

اگر آپ کینیڈا میں سرکاری فرائض کے سلسلے میں کسی غیر ملکی مسلح افواج کے رکن ہیں تو آپ کو سٹڈی پرمٹ کی ضرورت نہیں۔ اگر اہل خانہ (نابالغ بچوں سمیت) کینیڈا میں سٹڈی کرنا چاہتے ہیں تو اُنھیں ضرورت ہو گی۔

## کینیڈا میں رجسٹرڈ ہندوستانی

اگر آپ کسی اور ملک کے شہری ہیں جو کینیڈا میں رجسٹرڈ انڈین حیثیت رکھتا ہے تو آپ کو سٹڈی پرمٹ کی ضرورت نہیں۔

## کینیڈا میں نابالغ بچے

نابالغ بچوں کو اُس صورت میں سٹڈی پرمٹ کی ضرورت نہیں جب وہ:

- کنڈر گارٹن میں ہوں۔
- پناہ گزین ہوں یا پناہ گزینی کے لیے دعویٰ کر رکھا ہو۔
- اُن کے والدین پناہ گزین ہوں یا پناہ گزینی کے لیے دعویٰ کر رکھا ہو۔ یا
- پری سکول، پرائمری یا سیکنڈری سکول میں جانا چاہتے ہوں اور پہلے سے ایسے والد / والدہ کے ساتھ کینیڈا میں ہوں جسے کینیڈا میں کام کرنے یا پڑھنے کی اجازت دی گئی ہے۔

## اگر سٹڈی پرمٹ کی ضرورت نہیں تو یہ کیوں لیا جائے؟

شاید آپ سٹڈی پرمٹ کی ضرورت نہ ہونے پر بھی اُس کے لیے اپلائی کرنا چاہیں۔ سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرنے کا اہل بننے کی خاطر آپ کا کورس یا پروگرام DLI میں سے ہونا چاہیے۔ اگر آپ استثنٰی حاصل ہونے کے باوجود سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرنے کا فیصلہ کریں تو ایک لیٹر میں وضاحت دینا ہو گی کہ آپ ایسا کیوں چاہتے ہیں۔

سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرنے کی وجوہات میں درج ذیل شامل ہیں:

### اپنے پرمٹ کی تجدید ہو جانے تک سٹڈی جاری رکھنا

- اگر آپ کینیڈا آنے سے پہلے سٹڈی پرمٹ حاصل کریں: آپ اپنے پرمٹ کی تجدید کروا کر کینیڈا میں سٹڈی جاری رکھ سکتے ہیں جبکہ نئے پرمٹ کا انتظار کرتے رہیں۔
- اگر آپ کے پاس سٹڈی پرمٹ نہیں ہے: آپ کینیڈا کے اندر سے سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں، لیکن آپ پرمٹ مل جانے تک اپنا پروگرام شروع نہیں کر سکتے۔
- اِس اصول کا اطلاق پہلے سے لیے گئے کورس پر ہوتا ہے، جب آپ کو اِس شرط پر قبول ملی ہو کہ آپ مخصوص کورسز لیں گے اور پاس کریں گے (مشروط قبولیت)۔

### کیمپس میں پارٹ ٹائم کام کرنا

اگر کالج یا یونیورسٹی میں آپ کی رجسٹریشن فل ٹائم طالب علم کے طور پر ہوئی ہے تو آپ کیمپس میں پارٹ ٹائم کام کر سکتے ہیں۔

## سٹڈی پرمٹ: اپلائی کرنے کا طریقہ

### اپنی دستاویزات تیار کریں۔

### سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرنے سے پہلے آپ کو مندرجہ ذیل کی ضرورت ہے:

- نامزد کردہ تعلیمی ادارے (DLI) کی جانب سے قبولیت (acceptance) کا لیٹر۔
- ایک کارآمد پاسپورٹ یا سفری دستاویز۔
- ثبوت کہ آپ کینیڈا میں رہنے کے دوران اپنی اور اپنے ہمراہ آنے والے اہلِ خانہ کی کفالت کر سکتے ہیں۔

### آپ کو اپنا بایومیٹرکس کروانا ہو گا

- زیادہ تر صورتوں میں اپلائی کرنے کے بعد آپ کو اپنے فنگر پرنٹس اور تصویر (بایومیٹرکس) دینا ہوں گے۔

### اپلائی کیسے کیا جائے

عام طور پر آپ **کینیڈا آنے سے پہلے** سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرتے ہیں۔ کچھ لوگ کینیڈا کے اندر سے ہی سٹڈی پرمٹ اپلائی کر سکتے ہیں۔ کچھ صورتوں میں آپ کینیڈا میں داخل ہونے پر اپلائی کر سکتے ہیں۔ تسلی کر لیں کہ آپ نے اپنے لیے دستیاب آپشن کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔

# کینیڈا کے باہر سے سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرنا

## آن لائن اپلائی کرنا

### وقت بچائیں اور کیس کے متعلق آن لائن اپ ڈیٹ حاصل کریں

- کوریئر کا خرچ یا ڈاک پہنچنے میں وقت نہیں لگتا۔ ہمیں آپ کی درخواست فوراً مل جاتی ہے۔
- آن لائن درخواستوں پر زیادہ جلدی کارروائی ہوتی ہے۔
- عملدرآمد میں تاخیر سے بچیں۔ نامکمل درخواستیں آپ کو واپس بھجوا دی جاتی ہیں۔ آن لائن اپلائی کرنے سے آپ کو یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ درخواست کروانے سے پہلے مکمل ہے۔
- اگر ہمیں آپ سے مزید دستاویزات درکار ہوں تو آپ فوراً اُنھیں آن لائن جمع کروا سکتے ہیں۔
- آپ کو اُس وقت تک اپنا پاسپورٹ جمع کروانے کی ضرورت نہیں جب تک ہم نہ کہیں۔
- اپنی درخواست کے سٹیٹس کے متعلق اپ ڈیٹس (تازہ معلومات) براہ راست اپنے آن لائن اکاؤنٹ میں حاصل کریں۔

### آغاز کرنے کے لیے تیار ہیں؟

- آن لائن اپلائی کرنے کے لیے آپ کو ایک سکینر یا کیمرے کی ضرورت ہے تاکہ اپنے دستاویزات کی الیکٹرانک کاپیاں تیار کر سکیں۔ اِس کے علاوہ ایک کارآمد کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ بھی ہونا چاہیے۔

## سٹڈی پرمٹ: اپلائی کرنے کے بعد

### 1- آپ اپنے فنگر پرنٹس اور تصویر (بایو میٹرکس) دیں گے۔

زیادہ تر صورتوں میں آپ کو اپنے بایو میٹرکس دینا ہوں گے۔ بایو میٹرکس فیس ادا کرنے اور درخواست جمع کروانے کے بعد ہم آپ کو ایک لیٹر کے ذریعے بتائیں گے کہ آپ کو بایو میٹرکس کروانے کی ضرورت ہے۔ لیٹر میں بتایا جائے گا کہ آپ کو اپنے بایو میٹرکس کیسے اور کہاں کروانے ہیں۔ آپ کے پاس (خود جا کر) بایو میٹرکس کروانے کے لیے 30 دن کی مہلت ہو گی۔

اگر آپ نے بایو میٹرکس فیس ادا نہیں کی تو ہم ایک لیٹر کے ذریعے آپ کو پہلے یہ کام کرنے کا کہیں گے۔ آپ کو ہدایات کا لیٹر تبھی ملے گا جب بایو میٹرکس فیس ادا کر چکے ہوں گے۔

### 2- ہم آپ کی سٹڈی پرمٹ کی درخواست پر کارروائی کرتے ہیں۔

ہم آپ کی درخواست کو چیک کر کے یقینی بنائیں گے کہ آپ کے پاس تمام ضروری دستاویزات موجود ہیں۔
اگر یہ نامکمل ہوئی تو ہم اِس پر کوئی کارروائی کیے بغیر آپ کو واپس بھیج دیں گے۔
ہم آپ سے مندرجہ ذیل کا کہہ سکتے ہیں:

- اپنے ملک میں ہمارے حکام کو انٹرویو دینے جائیں، یا
- مزید معلومات بھیجیں۔

### آپ کو مندرجہ ذیل کی بھی ضرورت ہو گی:

- طبی معائنہ۔
- اگر آپ کو طبی معائنے کی ضرورت ہوئی تو ایک ویزا آفیسر آپ کو لیٹر بھیجے گا۔ اِس میں آپ کی درخواست پر کارروائی کے وقت میں مزید تین ماہ کا اضافہ ہو سکتا ہے۔
- پولیس سرٹیفکیٹ۔
- اِس کا اطلاق اُن اہلِ خانہ پر بھی ہوتا ہے جو آپ کے ساتھ کینیڈا آ رہے ہیں اور اُن کی عمر 18 سال یا زائد ہے۔

### اپنی درخواست کو اپ ڈیٹ کرنا

اگر اپلائی کرنے کے بعد آپ کہیں اور چلے جائیں یا پتہ، ٹیلی فون نمبر یا رابطے کی کوئی اور معلومات تبدیل ہو جائیں تو ہمیں اطلاع دینا ہو گی۔

## اگر ہم آپ کی درخواست منظور کر لیں

ہم آپ کو بھیجیں گے:

- تصدیق کی غرض سے ایک لیٹر برائے تعارف۔ یہ لیٹر آپ کا سٹڈی پرمٹ نہیں ہے۔ آپ کو کینیڈا پہنچنے پر امیگریشن حکام کو یہ دکھانا پڑے گا۔
- کینیڈا میں داخل ہونے کے لیے ایک الیکٹرانک سفری اجازت نامہ (eTA) یا وزیٹر ویزا (عارضی رہائشی ویزا)۔
  - اگر آپ ایسے ملک سے ہیں جہاں آپ کو eTA کی ضرورت ہے تو تعارفی لیٹر میں آپ کے eTA کے متعلق معلومات دی گئی ہوں گی۔ نیز eTA
    - آپ کے پاسپورٹ سے منسلک ہو گا۔ ضروری ہے کہ آپ اُسی پاسپورٹ پر سفر کریں سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرتے وقت استعمال کیا تھا۔
    - پانچ سال کے لیے یا آپ کے پاسپورٹ کی میعاد ختم ہونے تک (جو بھی پہلے ہو) کارآمد ہو گا۔
  - اگر آپ ایسے ملک سے ہیں جہاں ایک وزیٹر ویزا درکار ہو تو ویزا
    - آپ کے پاسپورٹ میں ہو گا۔ آپ کو اس کی میعاد ختم ہونے سے پہلے کینیڈا میں داخل ہونا ہو گا۔
    - یہ دکھاتا ہے کہ آپ کینیڈا میں صرف ایک بار (سنگل اینٹری ویزا) یا متعدد بار (ملٹی پل اینٹری ویزا) داخل ہو سکتے ہیں۔

## اگر ہم آپ کی درخواست مسترد کر دیں

ہم آپ کو ایک لیٹر کے ذریعے وجہ کی وضاحت کریں گے۔ ہماری طرف سے انکار کی وجوہات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں۔

- اگر آپ نے ثبوت نہ دیا ہو کہ کینیڈا میں سٹڈی کے دوران آپ کے پاس اپنا خرچ چلانے کے لیے کافی رقم موجود ہے۔
- طبی معائنے کی ضرورت ہو تو آپ اُسے پاس نہ کر پائے ہوں۔
- آپ ویزا آفیسر کو قائل نہ کر سکیں کہ کینیڈا میں آپ کے قیام کا مرکزی مقصد سٹڈی ہی ہے۔
- آپ ویزا آفیسر کو قائل نہ کر سکیں کہ سٹڈی کی مدت ختم ہونے پر آپ کینیڈا سے چلے جائیں گے۔
- اگر آپ کے ذہن میں کچھ سوالات ہوں کہ انکار کیوں کیا گیا ہے تو انکار کا لیٹر بھیجنے والے ویزا آفیسر سے رابطہ کریں۔

## سٹڈی پرمٹ: کینیڈا پہنچنے کے لیے تیاری

### کینیڈا میں آمد

جب آپ کینیڈا پہنچتے ہیں تو ایک بارڈر سروسز آفیسر سے ملاقات ہو گی۔ یہ آفیسر:

- آپ سے پاسپورٹ اور سفری دستاویزات مانگے گا۔
- آپ سے چند سوالات کرے گا؛ اور
- تسلی کرے گا کہ آپ کینیڈا میں داخل ہونے کے تقاضے پورے کرتے ہوں۔
- آپ کو آفیسر کو بتانا پڑے گا کہ آپ اپنے قیام کے بعد کینیڈا سے چلے جائیں گے۔

## اگر آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے کے ثبوت کی ضرورت ہو

- آپ کا سکول یا تربیتی ادارہ شاید کینیڈا میں داخل ہونے کا ثبوت مانگے۔ اگر داخلے کے ثبوت کی ضرورت ہو تو ایئر پورٹ سے باہر آنے سے پہلے بارڈر سروسز آفیسر سے اپنے پاسپورٹ پر مہر لگوانا یاد رکھیں۔

## آپ کے لیے ضروری دستاویزات

جب آپ بارڈر سروسز آفیسر سے ملیں تو اُسے مندرجہ ذیل دستاویزات دکھانا ہوں گی:

- کارآمد پاسپورٹ یا سفری دستاویز۔
- آپ کے سٹڈی پرمٹ کی منظوری دیتے وقت ویزا آفیسر کا بھیجا ہوا تعارفی لیٹر (اِس لیٹر میں آپ کا پرمٹ ریفرنس نمبر ہوتا ہے جو سٹڈی پرمٹ جاری کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے)۔
- آپ کے سکول کی طرف سے قبولیت کے کارآمد لیٹر کی کاپی۔
- ثبوت کہ آپ کے پاس کینیڈا میں قیام کے دوران اپنا خرچ اُٹھانے کے لیے کافی رقم موجود ہے۔
- ریفرنس لیٹرز یا کوئی بھی دیگر دستاویزات جو ویزا آفیسر آپ کو پاس رکھنے کے لیے کہے، اور
- الیکٹرانک سفری اجازت نامہ (eTA) یا وزیٹر ویزا (عارضی رہائشی ویزا)۔
- اگر آپ کے پاس کارآمد الیکٹرانک سفری اجازت نامہ (eTA) موجود ہے تو یہ سٹڈی پرمٹ کے لیے اپلائی کرتے وقت استعمال کردہ پاسپورٹ کے ساتھ منسلک ہو گا۔

## دستاویزات اپنے پاس رکھیں

یہ تمام چیزیں اور دیگر اہم کاغذات، کیش اور ٹریولرز چیک ہر وقت اپنے پاس رکھیں۔ اُنھیں اپنے بُک کروائے ہوئے سامان میں نہ رکھیں۔
اگر آپ کے کاغذات میں سے کوئی موجود نہ ہو یا درخواست یا لیٹرز آف ریفرنس میں دی ہوئی کوئی معلومات غلط ہوئیں تو آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ملے گی۔

## آپ کینیڈا میں کتنا عرصہ قیام کر سکتے ہیں

آفیسر آپ کے پاسپورٹ پر مہر لگائے گا یا بتائے گا کہ آپ کینیڈا میں کتنا عرصہ رہ سکتے ہیں۔ عام طور پر یہ عرصہ آپ کے سٹڈی پرمٹ کی مدت جتنا ہو گا۔ اگر کسی چیز کے بارے میں شبہ ہو تو سوالات پوچھیں۔
اگر کوئی مسائل نہیں ہیں تو آفیسر آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے دے گا اور آپ کا سٹڈی پرمٹ جاری کر دے گا۔ آپ کو چاہیے کہ اپنا سٹڈی پرمٹ چیک کر لیں:

- تاکہ تسلی ہو جائے کہ آپ کی ذاتی معلومات درست درج ہوئی ہیں اور
- میعاد ختم ہونے کی تاریخ دیکھیں۔

آپ کو چاہیے کہ میعاد ختم ہونے پر کینیڈا سے چلے جائیں، سٹڈی پرمٹ کی تاریخ بڑھانے کی درخواست دیں یا اپنی حیثیت تبدیل کر کے وزیٹر یا عارضی ورکر والی کر لیں۔

## بتائیں کہ آپ کے پاس کتنے فنڈز ہیں

اگر آپ 10000 کینیڈین ڈالرز سے زیادہ رقم ساتھ لائے ہیں تو بارڈر آفیسر کو بتانا ہو گا۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو ہم آپ کو جرمانہ کر کے فنڈز ضبط کر سکتے ہیں۔ اِس رقم میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- نقد۔
- آپ کی زیرِ ملکیت سکیوریٹیز (سٹاکس، بانڈز، ڈیبنچرز، ٹریژری بِلز) یا
- بینک ڈرافٹس، چیک، ٹریولر چیک یا منی آرڈرز۔

## آپ کے سٹڈی پرمٹ کی شرائط

کینیڈا میں سٹڈی پرمٹ کے حامل شخص کے طور پر آپ کو متعدد شرائط پوری کرنا ہوتی ہیں۔ اگر آپ اِن شرائط پر پورا نہیں اُترتے تو اپنی طالب علم کی حیثیت اور سٹڈی پرمٹ سے محروم ہو سکتے ہیں۔ شاید آپ کو کینیڈا سے جانا بھی پڑے۔

## کینیڈا سے باہر سفر کرنا

اگر آپ سٹڈی کے دوران یا چھٹی پر کینیڈا سے باہر جائیں تو دوبارہ کینیڈا میں داخل ہونے کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل درکار ہوں گے:

- پاسپورٹ یا سفری دستاویز (ٹریول ڈاکومنٹ)
- اگر آپ کینیڈا میں سٹڈی کر رہے ہیں تو سٹڈی پرمٹ، اور
- الیکٹرانک سفری اجازت نامہ (eTA) یا وزٹ ویزا، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کو کونسے ڈاکومنٹ کی ضرورت ہے۔

کارآمد وزیٹر ویزا کی ضرورت سے واحد استثنٰی یہ ہے کہ جب آپ **صرف** یو ایس یا سینٹ پییرے اور Miquelon کا سفر کریں اور اپنے سٹڈی پرمٹ کی میعاد ختم ہونے سے پہلے پہلے واپس کینیڈا آ جائیں۔ یہ استثنٰی eTAs پر لاگو نہیں ہوتی۔

## آپ کا سٹڈی پرمٹ ویزا نہیں ہے

### ہیلتھ انشورنس

کینیڈا کی حکومت غیر ملکی طلبا کے میڈیکل اخراجات نہیں اُٹھاتی۔ غیر ملکی طلبا کے لیے مختلف ہیلتھ کوریج کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کینیڈا میں کس جگہ رہتے ہیں۔ ہیلتھ انشورنس کے متعلق معلومات کے لیے کینیڈا میں اپنے سکول سے رابطہ کریں۔

## کینیڈا میں کام کرنا

### ورک پرمٹ لیں

عارضی ورکرز، کاروباری افراد، طلبا اور Live-In Caregiver پروگرام میں دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے ورک پرمٹ اور درخواستیں۔

### ایکسپریس اینٹری کے ذریعے امیگریشن کریں

مستقل طور پر کینیڈا میں مقیم ہونے اور ہماری معیشت میں حصہ لینے کے خواہش مند ہنر مند امیگرنٹس کے لیے درخواست کا عمل۔

### ایکسپریس اینٹری کیسے کام کرتی ہے

### مرحلہ 1: معلوم کریں کہ کیا آپ اہل ہیں

یہ معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں کہ کیا آپ ایکسپریس اینٹری میں شامل ایک پروگرام کے اہل ہیں یا نہیں:

کچھ سوالات کے جواب دیں اور دیکھیں کہ کیا آپ کم از کم تقاضے پورے کرتے ہیں۔

ہر ایک پروگرام کے لیے مفصل تقاضوں کا مطالعہ کریں۔

## مرحلہ 2: اپنے دستاویزات تیار کریں

ایکسپریس اینٹری کے لیے خود کو اہل ثابت کرنے کے لیے آپ کو زبان کے ٹیسٹ کے نتائج جیسے دستاویزات کی ضرورت ہے۔ کچھ دستاویزات حاصل کرنے میں لمبا عرصہ لگتا ہے، چنانچہ اُنھیں ابھی سے تیار رکھنا چاہیے۔

اپنے مطلوبہ دستاویزات حاصل کریں۔

## مرحلہ 3: اپنا پروفائل بھیجیں

آپ کا ایکسپریس اینٹری پروفئل اُس جگہ ہے جہاں آپ ہمیں اپنے متعلق معلومات دیتے ہیں۔

اگر آپ اہل ہیں تو ہم آپ کو اپنے امیدواروں میں قبول کر لیں گے۔

پوائنٹس پر مبنی نظام کی مدد سے آپ کو ایکسپریس اینٹری پول میں درجہ دیا جائے گا۔

آپ کے سکور کی بنیاد اپنے پروفائل میں دی گئی معلومات پر ہے۔

- اپنا سکور چیک کریں
- اپنا پروفائل بھیجیں (submit کریں)

## مرحلہ 4: دعوت نامہ وصول کریں اور مستقل رہائش کے لیے درخواست دیں

- ہم سب سے زیادہ سکور رکھنے والے امیدواروں کو دعوت نامے بھیجتے ہیں کہ اپلائی کریں۔ اگر ہم آپ کو اپلائی کرنے کی دعوت دیں تو آپ کے پاس مستقل رہائش کے لیے اپنی درخواست جمع کروانے میں 60 دن ہوں گے۔
- ہم تمام معاون دستاویزات کے ساتھ مکمل ترین درخواستوں کو 6 ماہ یا کم عرصے میں نمٹائیں گے۔
- مستقل رہائش کے لیے اپلائی کریں۔

ایکسپریس اینٹری کے اُمیدوار اور مزید معلومات کے لیے نیچے دیے گئے لنک کو کلک کر سکتے ہیں:

https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/immigrate-canada/express-entry/works.html

# پاکستان سے کینیڈا کا ویزا اپلائی کرنے کا طریقہ

## پاکستان سے کینیڈا کا سیاحتی (ٹورسٹ) ویزا کے لیے ضروری چیزیں

- ہر ایک درخواست گزار کے لیے علیحدہ دستخط شدہ درخواست فارم
- اصل پاسپورٹ جس کی میعاد ختم ہونے میں کم از کم چھ ماہ باقی ہوں اور اُس میں ایک صفحہ خالی ہو۔
- تمام پرانے/زائد المیعاد پاسپورٹس کی کاپیاں۔
- موجودہ پاسپورٹ کے پہلے صفحے کی ایک فوٹو کاپی۔
- نادرا سے جاری شدہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی۔
- 2 تازہ تصاویر جو 6 ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہوں۔ تصویر کے پیچھے انگلش میں درخواست گزار کا نام اور تاریخ پیدائش واضح انداز میں لکھیں۔
- اپنی ملازمت کا لیٹر جس میں آپ کی تنخواہ، عہدے، ملازمت شروع ہونے کی تاریخ، منظور شدہ چھٹیوں کی تاریخ واضح طور پر لکھی ہوئی ہو۔ اگر آپ زیر کفالت ہیں (گھر دار بیوی، طالب علم یا بچہ) تو شوہر یا والد کے روزگار کا ثبوت دیں۔
- 16 سال سے کم عمر کے جو بچے اکیلے سفر کر رہے ہوں اُنھیں اپنے دونوں والدین کی جانب سے اجازت نامہ مہیا کرنا ہو گا۔ اگر نابالغ بچہ تحویل کے حکمنامے کے تحت جا رہا ہے تو تحویل کا ثبوت اور دوسرے والدین کی جانب سے اقرار نامہ بھی دینا ہو گا۔ اگر بچے کہ ساتھ صرف ماں یا باپ سفر کر رہا ہے تو باپ یا ماں کی طرف سے بچے کے سفر کا اجازت نامہ چاہیے۔
- نادرا سے کمپیوٹرائزڈ فارم "ب" کی کاپی (اگر بچے ساتھ سفر کر رہے ہوں)۔
- گزشتہ 6 ماہ کی بینک سٹیٹمنٹ۔
- فضائی ٹکٹ کی ریزرویشن کا پرنٹ آؤٹ۔
- ہوٹل کی ریزرویشن۔
- یا اگر آپ کو سپانسر کی جانب سے دعوت نامہ آیا ہے تو اِس کے ساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات کی ضرورت ہو گی:
  - سپانسر کے پاسپورٹ کی کاپی۔
  - سپانسر کے بینک کی کم از کم 6 ماہ کی سٹیٹمنٹ۔
- کوئی بھی اور دستاویز/معلومات جو پاکستان کے ساتھ بندھن ثابت کرے، جیسے جائیداد کے کاغذات، کوئی ویلتھ سرٹیفکیٹ، وغیرہ۔

## پاکستان سے کینیڈا کا کاروباری (بزنس) ویزا کے لیے ضروری چیزیں

- تصدیق شدہ دعوت نامہ۔
- ہر ایک درخواست گزار کے لیے علیحدہ دستخط شدہ درخواست فارم
- اصل پاسپورٹ جس کی میعاد ختم ہونے میں کم از کم چھ ماہ باقی ہوں اور اُس میں ایک صفحہ خالی ہو۔
- تمام پرانے/زائد المیعاد پاسپورٹس کی کاپیاں۔
- موجودہ پاسپورٹ کے پہلے صفحے کی ایک فوٹو کاپی۔
- نادرا سے جاری شدہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی۔

- 2 تازہ تصاویر جو 6 ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہوں۔ تصویر کے پیچھے انگلش میں درخواست گزار کا نام اور تاریخ پیدائش واضح انداز میں لکھیں۔
- اپنی ملازمت کا لیٹر جس میں آپ کی تنخواہ، عہدے، ملازمت شروع ہونے کی تاریخ، منظور شدہ چھٹیوں کی تاریخ واضح طور پر لکھی ہوئی ہو۔ اگر آپ زیر کفالت ہیں (گھر دار بیوی، طالب علم یا بچہ) تو شوہر یا والد کے روزگار کا ثبوت دیں۔
- 16 سال سے کم عمر کے جو بچے اکیلے سفر کر رہے ہوں اُنھیں اپنے دونوں والدین کی جانب سے اجازت نامہ مہیا کرنا ہو گا۔ اگر نابالغ بچہ تحویل کے حکمنامے کے تحت جا رہا ہے تو تحویل کا ثبوت اور دوسرے والدین کی جانب سے اقرار نامہ بھی دینا ہو گا۔ اگر بچے کہ ساتھ صرف ماں یا باپ سفر کر رہا ہے تو باپ یا ماں کی طرف سے بچے کے سفر کا اجازت نامہ چاہیے۔
- نادرا سے کمپیوٹرائزڈ فارم "ب" کی کاپی (اگر بچے ساتھ سفر کر رہے ہوں)۔
- گزشتہ 6 ماہ کی بینک سٹیٹمنٹ۔
- فضائی ٹکٹ کی ریزرویشن کا پرنٹ آؤٹ۔
- ہوٹل کی ریزرویشن۔
- یا اگر آپ کو سپانسر کی جانب سے دعوت نامہ آیا ہے تو اِس کے ساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات کی ضرورت ہو گی:
  - سپانسر کے پاسپورٹ کی کاپی۔
  - سپانسر کے بینک کی کم از کم 6 ماہ کی سٹیٹمنٹ۔
- کوئی بھی اور دستاویز/معلومات جو پاکستان کے ساتھ بندھن ثابت کرے، جیسے جائیداد کے کاغذات، کوئی ویلتھ سرٹیفکیٹ، وغیرہ۔

## کینیڈا کے ویزے کی بنیادی معلومات

| | |
|---|---|
| ویزے کی قسم | سٹینڈرڈ ویزا |
| پاسپورٹ کارآمد ہونے کی میعاد | 6ماہ |
| تصویروں کی تعداد | 2 |
| پروسیسنگ کا عرصہ | 10 تا35 کام کے دن |
| پاکستان میں کینیڈا ویزا کی فیس | 100 کینیڈین ڈالرز |
| بینک سٹیٹمنٹ | 6ماہ |
| اکاؤنٹ میں کم از کم درکار بیلنس | اتنا ہونا چاہیے کہ آپ کے اخراجات پورے ہو سکیں، اگر آپ اہلِ خانہ کے ہمراہ سفر کر رہے ہیں تو پورے کنبے کے اخراجات پورے ہو سکیں۔ |

## پاکستان سے کینیڈا کے ویزے کے لیے درکار دستاویزات

| | |
|---|---|
| 1. درخواست فارم – یہاں کلک کریں | 2. اصل پاسپورٹ |
| 3. پاسپورٹ کی فوٹو کاپی | 4. سپانسر/میزبان کی جانب سے دعوت نامہ |
| 5. سپانسر کے پاسپورٹ کی کاپی | 6. ویزا یا سپانسر کا لوکل ID |
| 7. ایئرلائن ریزرویشن | 8. ہوٹل ریزرویشن |
| 9. نادرا سے اجری کردہ کارڈ | 10. بچوں کے لیے فارم "ب" |
| 11. بینک سٹیٹمنٹ | 12. آمدنی کا ثبوت |
| 13. کاروبار کا ثبوت | 14. تنخواہ کا ثبوت |
| 15. جائیداد کا ثبوت | 16. کوئی بھی اور اثاثے یا ویلتھ کا ثبوت |
| 17. ایف بی آر کی ٹیکس ریٹرنز | |

# پاکستان میں کینیڈا کے ویزا کی درخواست دینے کے لیے مراکز

## اسلام آباد

کینیڈا ویزا ایپلی کیشن سنٹر اسلام آباد
پارک روڈ، چھٹہ بختاور، چک شہزاد، اسلام آباد۔
ای میل: feedback.canadalhe@vfshelpline.com.pk

## لاہور

کینیڈا ویزا ایپلی کیشن سنٹر، لاہور۔
20-سابق امیریکن سنٹر بلڈنگ،
بالمقابل گنگارام ہسپتال،
کوئینز روڈ، لاہور۔
ای میل: info.canadalhe@gerrys.com.pk

## کراچی

کینیڈا ویزا ایپلی کیشن سنٹر، کراچی۔
بحریہ کمپلیکس IV، چوتھی منزل،
مین چودھری خلیق الزمان روڈ،
گزری، کلفٹن، کراچی۔
ای میل: info.canadakhi@gerrys.com.pk